آڈٹ بیورو آف سرکولیشن (ABC) وزارت اطلاعات ونشریات سے باقاعدہ تصدیق شدہ اشاعت

DAILY NAWA-E-AHMEDPUR SHARQIA

رجسٹرڈ نمبر 243

روزنامہ

نوائے احمد پور شرقیہ

بہاولپور

چیف ایڈیٹر: احسان احمد سحر

منیجنگ ایڈیٹر: محمد سلیمان فاروقی

ایڈیٹر: نجم النساء بخاری

ٹیلیفون نمبر 062-2508053

موبائل 0301-7740405

E-mail: nawaiahmedpur@gmail.com, daily.nawaiahmedpur@gmail.com

جلد نمبر 16 | منگل 12 اپریل 2022ء | قیمت فی شمارہ 10 روپے | زرسالانہ 3 ہزار روپے | شمارہ نمبر 45

شہباز شریف نے وزیراعظم پاکستان کے عہدے کا حلف اٹھالیا

ایوان صدر میں شہباز شریف نے وزیراعظم پاکستان کے عہدے کا حلف اٹھالیا ہے

چیئرمین سینیٹ اور قائم مقام صدر صادق سنجرانی نے شہباز شریف سے وزارت عظمیٰ کا حلف لیا

صدر مملکت ڈاکٹر عارف علوی مختصر رخصت پر چلے گئے ہیں جس کے سبب وہ نئے وزیراعظم شہباز شریف سے حلف نہیں لے سکے

ایوان صدر میں منعقد تقریب میں شعبہ ہائے زندگی سے تعلق رکھنے والی شخصیات نے شرکت کی

اسلام آباد (مانیٹرنگ ڈیسک) ایوان صدر میں شہباز شریف نے وزیراعظم پاکستان کے عہدے کا حلف اٹھالیا ہے، چیئرمین سینیٹ اور قائم مقام صدر صادق سنجرانی نے شہباز شریف سے وزارت عظمیٰ کا حلف لیا۔ واضح رہے کہ صدر مملکت

بقیہ نمبر 1 صفحہ 4 پر ملاحظہ کریں

گندم کی اوسط پیداوار میں کمی سے حکومت کا مقررہ کردہ ٹارگٹ پورا نہ ہونے کا خدشہ

گندم کی خرید کا ٹارگٹ ہر حالت میں پورا کیا جائے گا' ذرائع محکمہ خوراک

احمد پور شرقیہ (نامہ نگار) گندم کی اوسط پیداوار میں کمی سے حکومت کا مقررہ کردہ ٹارگٹ پورا نہ ہونے کا خدشہ۔ تفصیل کے مطابق گزشتہ سال گندم کی فی ایکڑ پیداوار چالیس من سے پنتالیس من فی ایکڑ تھی جو کہ اس سال کم ہو کر پچیس

بقیہ نمبر 2 صفحہ 4 پر ملاحظہ کریں

عمران خان سمیت پی ٹی آئی اراکین کا قومی اسمبلی سے مستعفی ہونے کا اعلان

سابق وزیراعظم عمران خان کی زیر صدارت پی ٹی آئی پارلیمانی پارٹی اجلاس ہوا جس میں 122 ایم این ایز شریک ہوئے' اجلاس میں قومی اسمبلی سے استعفوں کے آپشن پر غور کیا گیا

اجلاس میں قومی اسمبلی سے استعفوں کے آپشن پر غور کیا گیا' عمران خان نے استعفوں کی تجویز پر ارکان قومی اسمبلی سے رائے لی' اجلاس کے شرکا نے عمران خان پر بھرپور اعتماد کا اظہار کرتے ہوئے پارٹی قیادت کیساتھ کھڑے رہنے کی یقین دہانی کرائی

میرا یہی فیصلہ ہے کہ ہم اسمبلی سے استعفے دیں گے، میں ان چوروں کے ساتھ اسمبلی میں نہیں بیٹھوں گا، مجھے اکیلے بھی استعفیٰ دینا پڑا تو میں استعفیٰ دوں گا' عمران خان

اسلام آباد (مانیٹرنگ ڈیسک) چیئرمین تحریک انصاف عمران خان سمیت پی ٹی آئی اراکین نے قومی اسمبلی سے استعفے دینے کا فیصلہ کرلیا۔ سابق وزیراعظم عمران خان کی زیر صدارت پی ٹی آئی پارلیمانی پارٹی اجلاس ہوا جس میں 122 ایم این ایز شریک ہوئے۔ اجلاس میں قومی اسمبلی سے استعفوں کے آپشن پر غور کیا گیا۔ عمران خان نے استعفوں کی تجویز پر ارکان قومی اسمبلی سے رائے لی۔ اجلاس کے شرکا نے عمران خان پر بھرپور اعتماد کا اظہار کرتے ہوئے پارٹی قیادت کے ساتھ کھڑے رہنے کی یقین دہانی کرائی۔ پارٹی ارکان نے کہا کہ استعفوں سے متعلق عمران خان جو فیصلہ کریں گے قبول ہوگا۔ پارٹی ارکان نے کہا کہ جو بھی وزیراعظم حکومت سے باہر نکلتا ہے تو اس پر کرپشن کے الزامات لگتے ہیں، الحمد اللہ عمران خان پر کوئی کرپشن کے الزامات نہیں ہیں، ہم آپ کے ساتھ

بقیہ نمبر 3 صفحہ 4 پر ملاحظہ کریں

پیپلز پارٹی کے رانا محمد سلیم ڈویژنل بہاول پور کے ڈپٹی انفارمیشن سیکرٹری نامزد

رانا محمد سلیم پاکستان پیپلز پارٹی کے پرانے اور جیالے کارکن ہیں

احمد پور شرقیہ (نامہ نگار) پاکستان پیپلز پارٹی کے رانا محمد سلیم ڈویژنل بہاول پور کے ڈپٹی انفارمیشن سیکرٹری بہاول پور ڈویژن نامزد

بقیہ نمبر 4 صفحہ 4 پر ملاحظہ کریں

نومنتخب وزیراعظم کا کم از کم تنخواہ 25 ہزار کرنے اور پنشن میں اضافے کا اعلان

ملک بھر میں کم از کم ماہانہ اجرت 25 ہزار روپے ماہانہ کی جارہی ہے جس کا اطلاق یکم اپریل سے ہوگا' قومی اسمبلی میں بطور وزیراعظم اپنے پہلے خطاب

انہوں نے اس کے ساتھ ہی پنشن بھی 10 فیصد بڑھانے کا اعلان کیا اور کہا کہ اس کا اطلاق بھی یکم اپریل سے ہوگا

اسلام آباد (مانیٹرنگ ڈیسک) نومنتخب وزیراعظم شہباز شریف نے کم از کم ماہانہ تنخواہ 25 ہزار روپے کرنے کا اعلان کردیا۔ اس بات کا اعلان انہوں نے قومی اسمبلی میں بطور وزیراعظم اپنے پہلے خطاب میں کیا۔ انہوں نے کہا کہ ملک بھر میں کم از کم ماہانہ اجرت 25 ہزار روپے ماہانہ کی جارہی ہے جس کا اطلاق یکم اپریل سے ہوگا۔ انہوں نے اس کے ساتھ ہی پنشن بھی 10 فیصد بڑھانے کا اعلان کیا اور کہا کہ اس کا اطلاق بھی یکم اپریل سے ہوگا۔ دریں اثنا شہباز شریف نے کہا کہ سرمایہ کاروں سے اپیل ہے کہ وہ اپنے وہ

بقیہ نمبر 5 صفحہ 4 پر ملاحظہ کریں

اسسٹنٹ کمشنر راجہ محمد قاسم محبوب کا احمد پور شرقیہ میں قائم کیے گئے رمضان بازار کا اچانک دورہ

رمضان بازاروں میں حکومت کی جانب سے اشیائے خوردونوش پر سبسڈی دی گئی ہے

اشیائے خوردونوش کے نرخ باقاعدگی سے نمایاں جگہ پر آویزاں کئے جائیں' اسسٹنٹ کمشنر راجہ محمد قاسم محبوب

احمد پور شرقیہ +اوچ شریف (کرائم رپورٹر) اسسٹنٹ کمشنر راجہ محمد قاسم محبوب کا سیکرٹری مارکیٹ کمیٹی ملک محمد اقبال اور زراعت افسر کامران جبار کے ہمراہ احمد پور شرقیہ میں قائم کیے گئے رمضان بازار کا اچانک دورہ کیا اسسٹنٹ کمشنر راجہ محمد قاسم محبوب نے رمضان بازار میں اشیائے خورد نوش، آٹا، چینی اور چکن گوشت کے اسٹالز سمیت ایگریکلچر فیئر پرائس شاپ گئے جہاں انہوں نے

بقیہ نمبر 10 صفحہ 4 پر ملاحظہ کریں

حاصل پور: تحریک انصاف کے رہنماؤں کی ریلی

ریلی کا آغاز علامہ اقبال پارک سے کیا گیا اور تھانہ حاصل پور مدینہ چوک میں ریلی اور پرامن احتجاج اختتام پزیر ہوئی

ریلی میں تحریک انصاف کے کارکنوں کی کثیر تعداد نے ریلی میں شرکت کی ہے کارکنوں کی جانب سے نعرے بھی لگائے گئے

حاصل پور (نمائندہ خصوصی) تحریک انصاف کے رہنماؤں علی زین بخاری، چوہدری خلیل احمد باجوہ حافظ غفران ظلہ اویس چوہدری محمد اشرف ساجد بخیرا ملک محمد کاشف اور چوہدری طارق بشیر چیمہ گروپ کے رہنماؤں کی قیادت میں ریلی نکالی گئی۔ ریلی کا آغاز علامہ اقبال پارک سے کیا گیا اور تھانہ حاصل پور مدینہ چوک میں ریلی اور پرامن احتجاج اختتام پزیر ہوئی ہے ریلی میں تحریک

بقیہ نمبر 14 صفحہ 4 پر ملاحظہ کریں

حاصل پور: تحریک انصاف کی طرف سے عمران خان سے اظہار یکجہتی کے لئے ریلی۔

عمران خان کیخلاف غداری کا مقدمہ درج کرنے کی درخواست مسترد

اسلام آباد ہائیکورٹ نے عمران خان اور سابق وزرا کے خلاف غداری کا مقدمہ درج کرنے کی درخواست مسترد کرتے ہوئے درخواست گزار پر ایک لاکھ روپے جرمانہ عائد کردیا

عدالت نے مبینہ خط کی تحقیقات کرنے کی درخواست بھی خارج کردی جبکہ عمران خان اور سابق وزرا کے نام ای سی ایل میں ڈالنے کی درخواست بھی مسترد کردی

اسلام آباد (مانیٹرنگ ڈیسک) اسلام آباد ہائیکورٹ نے عمران خان اور سابق وزرا کے خلاف غداری کا مقدمہ درج کرنے کی درخواست مسترد کرتے ہوئے درخواست گزار پر ایک لاکھ روپے جرمانہ عائد کردیا۔ اسلام آباد ہائیکورٹ کے چیف جسٹس اطہر من اللہ نے محفوظ فیصلہ سناتے ہوئے عمران خان اور سابق وزرا کے نام ای سی ایل میں ڈالنے کی درخواست بھی مسترد کردی۔ عدالت نے

بقیہ نمبر 6 صفحہ 4 پر ملاحظہ کریں

عزت دینے والا اللہ ہے، سابق وزیراعظم عمران خان

اسلام آباد (یواین پی) سابق وزیراعظم عمران خان پارلیمانی پارٹی اجلاس میں شرکت کیلئے

بقیہ نمبر 9 صفحہ 4 پر ملاحظہ کریں

موضع محمود مہتم میں ساڑھے گیارہ بیگھے گندم کی تیار فصل جل کر راکھ

گھر کے ساتھ ناڑو آگ لگنے سے ساتھ میں کھڑی تیار فصل کو آگ نے لپیٹ میں لے لیا

چنی گوٹھ (نامہ نگار) موضع محمود مہتم میں ساڑھے گیارہ بیگھے گندم کی تیار فصل جل کر راکھ۔ جن جن کسانوں کی گندم نے آگ کو لپیٹ میں لیا ان کے نام سرفہرست ہیں ان میں مرید حسین مہتم، حاجی موسیٰ مہتم، عیدال حسین مہتم، محمد اسلم مہتم، اللہ بخش مہتم۔ تفصیل کے مطابق موضع محمود مہتم میں گھر کے ساتھ ناڑو آگ لگنے سے ساتھ میں کھڑی

بقیہ نمبر 8 صفحہ 4 پر ملاحظہ کریں

دو تیز رفتار موٹر سائیکلوں کے درمیان تصادم' تین افراد شدید زخمی

محمد قاسم نامی شخص زخموں کی تاب نہ لاتے ہوئے جان کی بازی ہار گیا

اوچ شریف (نامہ نگار) اوچ شریف میں قومی شاہراہ پر بھٹہ لکس کے مقام پر العباس پٹرولیم سروس کے قریب دو تیز رفتار موٹر سائیکلوں کے درمیان تصادم کی وجہ سے حادثہ پیش آ گیا جس کے نتیجہ میں موٹر سائیکل سوار تین افراد قاسم، محمد فرحان اور منظور احمد شدید زخمی ہو گئے تاہم اطلاع پر ریسکیو ادارے 1122 کے اہلکار موقع پر پہنچ

بقیہ نمبر 11 صفحہ 4 پر ملاحظہ کریں

تیز رفتار کار کی ٹکر سے ایک شخص شدید زخمی کردیا

محمد اعجاز کو تحصیل ہیڈ کوارٹر ہسپتال احمد پور شرقیہ پہنچا دیا ہے

احمد پور شرقیہ (نامہ نگار) تیز رفتار کار کی ٹکر سے ایک شخص شدید زخمی کردیا۔ تفصیل کے مطابق نواحی علاقہ اڈہ ظاہر پیر کے قریب موٹر سائیکل سوار محمد اعجاز نامی شخص اسٹاپ سے برف لینے جارہا تھا۔ کہ مخالف سمت سے آنے والی تیز رفتار کار نے اسے کچل دیا۔ جس سے وہ شدید زخمی ہوگیا۔ اطلاع ملتے ہی موٹروے پولیس اور ریسکیو

بقیہ نمبر 12 صفحہ 4 پر ملاحظہ کریں

عمران خان کی کال پر تحریک انصاف کے عہدیداروں کی قیادت میں ایک احتجاجی ریلی نکالی گئی

انشاءاللہ آئندہ الیکشن میں پی ٹی آئی دوتہائی اکثریت سے کامیاب ہوگی' مقررین

احمد پور شرقیہ (نامہ نگار) سابق وزیراعظم عمران خان کی کال پر تحریک انصاف کے عہدیداروں، تحصیل صدر حافظ مظفر کریم ایڈووکیٹ، ساجد سراج جلوانہ ایڈووکیٹ، میاں محمد حسن، جاوید خان، عبدالباسط شکرانی، کی قیادت میں ایک احتجاجی ریلی نکالی گئی جس میں سینکڑوں

بقیہ نمبر 13 صفحہ 4 پر ملاحظہ کریں

عمران خان کے کہنے پر جان بھی دے سکتی ہوں، زرتاج گل

اسلام آباد (یواین پی) پی ٹی آئی رہنما زرتاج گل نے کہا ہے کہ استعفیٰ تو دور کی بات، ہم عمران خان کے کہنے پر جان بھی دے سکتی ہوں۔ پارلیمنٹ ہاؤس آمد پر صحافیوں سے گفتگو

بقیہ نمبر 15 صفحہ 4 پر ملاحظہ کریں

قوم کی امنگوں کے عین مطابق اسکے منتخب نمائندوں نے نیازی حکومت کا خاتمہ کردیا

صاحبزادہ میاں محمد حسان اویسی

آئین کو کاغذات کا پلندہ سمجھتی تھی، نیازی حکومت کے خاتمے کے بعد دستور اور جمہوریت محفوظ ہیں

پوری قوم صرف اور صرف 1973 کے آئین پر من وعن عملدرآمد چاہتی ہے، مسلم لیگ ن کے رہنما

سمہ سٹہ (نامہ نگار) پاکستان مسلم لیگ ن کے رہنما صاحبزادہ میاں محمد حسان اویسی نے اپنے ایک بیان میں کہا ہے کہ قوم کی امنگوں کے عین مطابق اس کے منتخب نمائندوں نے نیازی حکومت کا خاتمہ کردیا، جو آئین کو کاغذات کا پلندہ سمجھتی تھی، نیازی حکومت کے خاتمے کے بعد دستور اور جمہوریت محفوظ ہیں۔ انہوں نے کہا کہ پی ٹی آئی والے اکثر کہتے تھے کہ دعا کرو جو پاکستان کے

بقیہ نمبر 7 صفحہ 4 پر ملاحظہ کریں

اسمبلی سے استعفے دینے کا اختیار عمران خان کو دے دیا ہے، فیصل جاوید

اسلام آباد (یواین پی) سینیٹر فیصل جاوید نے کہا ہے کہ اسمبلی سے استعفے دینے کا اختیار عمران خان کو دے دیا ہے۔ پی ٹی آئی کے رہنما فیصل جاوید نے ٹوئٹر پر جاری ایک پیغام میں کہا ہے کہ

اوچ شریف: ڈکیتی، مزاحمت پر بٹ مار کر شہری کو زخمی کردیا

موٹر سائیکل سوار تین افراد گن پوائنٹ پر ڈیڑھ لاکھ روپے نقدی اور موبائل فون چھین کر فرار

اوچ شریف (نامہ نگار) سینئری شاپ کے مالک کو دوکان بند کر کے گھر جاتے ہوئے ڈکیتی، مزاحمت پر بٹ مار کر شہری کو زخمی کردیا، ہراساں کرنے کے لیے ہوائی فائرنگ، موٹر سائیکل سوار تین افراد گن پوائنٹ پر ڈیڑھ لاکھ روپے نقدی اور موبائل فون چھین کر فرار، مقامی پولیس نے متاثرہ شہری کی رپورٹ پر مقدمہ درج کرلیا۔ تفصیل کے مطابق اوچ گیلانی کا رہائشی سید

اوچ شریف کے مختلف گنجان آباد علاقوں میں بجلی کی لٹکتی ننگی تاریں شہریوں کیلئے خوف کی علامت بن گئیں

کرنٹ لگنے کی وجہ سے کئی حادثات پیش آچکے ہیں جن میں قیمتی انسانی جانوں کا ضیاع بھی ہوا ہے

گزشتہ روز بھی سمیع ٹان کا رہائشی حسین علی گلے میں بجلی کی لٹکتی ننگی تاریں پھنس جانے سے زخمی ہوگیا واپڈا حکام خاموش تماشائی

اوچ شریف (نامہ نگار) اوچ شریف شہر کے مختلف گنجان آباد علاقوں میں بجلی کی لٹکتی ننگی تاریں شہریوں کے لیے خوف کی علامت بن گئیں کرنٹ لگنے کی وجہ سے کئی حادثات پیش آچکے ہیں جن میں قیمتی انسانی جانوں کا ضیاع بھی ہوا ہے گزشتہ روز بھی سمیع ٹان کا رہائشی حسین علی گلے میں بجلی کی لٹکتی ننگی تاریں پھنس جانے سے زخمی ہوگیا واپڈا حکام خاموش تماشائی، شہریوں میں شدید

بقیہ نمبر 16 صفحہ 4 پر ملاحظہ کریں

اوچ شریف: بجلی کی لٹکتی تاریں گلے میں پھنس جانے سے زخمی ہونے والا شخص دوسری جانب لٹکتی بجلی کی تاریں

خط پر ان کیمرا بریفنگ دی جائیگی

سازش ثابت ہوئی تو استعفیٰ دیدوں گا

شہباز شریف

اگر اس حوالے سے رتی برابر ثبوت مل جائے کہ ہم کسی بیرونی سازش کا شکار ہوئے یا ہمیں بیرونی وسائل سے مدد ملی تو ایک سیکنڈ میں وزارت عظمیٰ سے استعفیٰ دیکر گھر چلا جاوں گا' وزیراعظم



اسلام آباد (مانیٹرنگ ڈیسک) نومنتخب وزیراعظم شہباز شریف کا کہنا ہے کہ پارلیمان کی قومی سلامتی کمیٹی میں خط پر ان کیمرا بریفنگ دی جائیگی، اگر اس حوالے سے رتی برابر ثبوت مل جائے کہ ہم کسی بیرونی سازش کا شکار ہوئے یا ہمیں

بقیہ نمبر 19 صفحہ 4 پر ملاحظہ کریں

عمران خان کی کال پر پی ٹی آئی چنی گوٹھ میں احتجاجی ریلی نکالی گئی

پوری قوم امریکہ کی غلامی کیخلاف متحد ہو کر عمران خان کیساتھ کھڑی ہے' رہنماؤں کا خطاب

چنی گوٹھ (نامہ نگار) قائد تحریک انصاف عمران خان کی کال پر پی ٹی آئی چنی گوٹھ کے مقامی رہنما ملک نعمان کلیار کی قیادت میں احتجاجی ریلی نکالی گئی، ریلی موٹر سائیکلوں اور کاروں پر مشتمل تھی ریلی کیشر کا نامنظور نامنظور ایمپورٹیڈ حکومت ۔امریکہ کی غلامی نامنظور نامنظور کے نعرے لگاتے رہے۔ ریلی کے شرکا سے پی ٹی آئی کے مقامی

بقیہ نمبر 20 صفحہ 4 پر ملاحظہ کریں

وزیراعلیٰ پنجاب کا انتخاب اپوزیشن اور حکومتی اتحاد دے نمبر گیم کے دعوے

حکومتی اتحاد نے پنجاب اسمبلی میں 189 ووٹ ہونے کا دعویٰ کیا ہے جب کہ متحدہ اپوزیشن اپنی گنتی 200 سے اوپر ہونے کا دعویٰ کر رہی ہے

حکومت نے آرٹیکل 63 اے کے تحت منحرف ارکان کے ووٹ کو تسلیم نہ کرنے کی حکمت عملی بنائی ہے اور پارٹی چیئرمین کی جانب سے منحرف ارکان کیخلاف ریفرنس فائل کیے جائینگے

لاہور (مانیٹرنگ ڈیسک) وزیراعلیٰ پنجاب کے انتخاب کے لیے حکومتی اتحاد اور متحدہ اپوزیشن کے نمبرز گیم پر دعوے جاری ہیں۔ حکومتی اتحاد نے پنجاب اسمبلی میں 189 ووٹ ہونے کا دعویٰ کیا ہے جب کہ متحدہ اپوزیشن اپنی گنتی 200 سے اوپر ہونے کا دعویٰ کر رہی ہے۔ ذرائع کا کہنا ہے کہ حکومت نے آرٹیکل 63 اے کے تحت منحرف ارکان کے ووٹ کو تسلیم نہ کرنے کی حکمت عملی بنائی ہے اور پارٹی چیئرمین عمران خان کی جانب سے منحرف ارکان کیخلاف ریفرنس فائل کیے جائینگے۔ ذرائع کیمطابق حکومتی اتحاد نے

بقیہ نمبر 18 صفحہ 4 پر ملاحظہ کریں

تحریک عدم اعتماد کی کامیابی' مسلم لیگ (ن) کے عہدیداروں اور کارکنوں کی ریلی

قاضی عدنان فرید، کی رہائش گاہ سے نکلنے والی ریلی میں ہزاروں کارکنوں نے موٹر سائیکلوں پر ریلی نکالی

احمد پور شرقیہ (نامہ نگار) تحریک عدم اعتماد کی کامیابی کی خوشی میں مسلم لیگ (ن) کے عہدیداروں اور کارکنوں کی ریلی، مسلم لیگ (ن) کے سابق ایم پی اے قاضی عدنان فرید، کی رہائش گاہ سے نکلنے والی ریلی میں ہزاروں کارکنوں نے موٹر سائیکلوں پر ریلی نکالی آتش بازی کا مظاہرہ کیا۔ ریلی چوک منیر شہید پر آ کر اختتام پزیر ہوئی جہاں پر مقررین نے کہا کہ تحریک انصاف کی حکومت کے خاتمہ سے ملک ترقی کی راہ پر گامزن ہوگا۔

22000 ہزار بوری گندم سینٹر پر پہنچ چکی ہے

فوڈ انسپکٹر پی آر سینٹر چنی گوٹھ حسنین حیدر جیلانی

چنی گوٹھ (نامہ نگار) فوڈ انسپکٹر پی آر سینٹر چنی گوٹھ حسنین حیدر جیلانی نے کہا ہے کہ 22000 ہزار بوری گندم سینٹر پر پہنچ چکی ہے اور تقریبا 42 ہزار بوری باردانہ کی چلت کا شکاروں میں کردی گئی ہے۔ ان خیالات کا اظہار انہوں نے صحافیوں سے گفتگو کرتے ہوئے کیا۔ حسنین حیدر جیلانی نے کہا کہ کاشتکار بیوپاریوں کو اپنی گندم

بقیہ نمبر 17 صفحہ 4 پر ملاحظہ کریں

اسلام آباد ہائی کورٹ کی ہفتے کی رات عدالت کھولنے پر وضاحت جاری

کسی بھی فوری نوعیت کے معاملے کو چیف جسٹس دیکھ سکتے ہیں، ترجمان اسلام آباد ہائی کورٹ

اسلام آباد (یواین پی) اسلام آباد ہائی کورٹ نے ہفتے کی رات عدالت کھولنے پر وضاحت جاری کردی۔ ہفتے کو قومی اسمبلی کے اجلاس اور تحریک عدم اعتماد پر ووٹنگ کے حوالے سے ملک میں رونما غیر معمولی صورت حال کے پیش

بقیہ نمبر 25 صفحہ 4 پر ملاحظہ کریں

اوچ شریف: عمران خان سے اظہار یکجہتی کیلئے احتجاجی ریلی

گورنمنٹ بوائز ہائی اسکول سے شہر کے مرکزی چوک الشمس تک پرامن احتجاجی ریلی نکالی گئی

پی ٹی آئی کے کارکنان کا جم غفیر نکل آیا جنہوں نے عمران خان سے اظہار یک جہتی کے نعروں سے لکھے پلے کارڈ، بینرز اور پینا فلیکس اٹھا رکھے تھے

اوچ شریف (رپورٹ: خواجہ غلام شبیر سے) ملک بھر کے دیگر شہروں کی طرح اوچ شریف شہر میں بھی گزشتہ رات تحریک انصاف کے سربراہ و سابق وزیراعظم پاکستان عمران خان سے اظہار یک جہتی کے لیے مقامی پی ٹی آئی کے عہدیداروں ملک محسن للو، ملک شہزاد ساحل، محمد مکی معاویہ، اکبر ستار، آصف اعوان، ملک جاوید ارائیں، بلال پٹھان، کاشف خان، اشرف سیال،

بقیہ نمبر 21 صفحہ 4 پر ملاحظہ کریں

اوچ شریف: تحریک انصاف کے سربراہ عمران خان سے اظہار یک جہتی کے لیے اوچ شریف شہر کے مقامی عہدیداروں کی قیادت میں ریلی نکالی جارہی ہے، جس میں پارٹی ورکروں کا جم غفیر موجود ہے

اسپیکر قاسم سوری نے غیر ملکی مراسلہ ایوان میں لہرا دیا، سپریم کورٹ بھیجنے کا اعلان

عمران خان کے خلاف تحریک عدم اعتماد پر جو فیصلہ میں نے کیا تھا وہ حالات اور واقعات کے عین مطابق تھا

وہ فیصلہ پاکستانی کی حیثیت سے اور قومی اسمبلی کے محافظ کے طور پر اسپیکر کے طور پر کیا' قائم مقام اسپیکر قاسم سوری

اسلام آباد (مانیٹرنگ ڈیسک) قائم مقام اسپیکر قاسم سوری نے غیر ملکی مراسلہ ایوان میں

بقیہ نمبر 26 صفحہ 4 پر ملاحظہ کریں

تحریک انصاف کی حکومت کے خاتمہ سے ملک میں خوشحالی کا ایک نیا دور شروع ہوگا

سردار خالد محمود وارن

گزشتہ ساڑھے تین سال میں اس ملکی خزانے کو جس طرح لوٹا گیا' ماضی میں اس کی مثال نہیں ملتی

ملکی معیشت کی بہتری کیلئے شہباز شریف کی قیادت میں منتخب ہونیوالی حکومت کو سخت محنت کرنا پڑیگی' مسلم لیگ (ن) کے ضلعی جنرل سیکرٹری وایم پی اے

احمد پور شرقیہ (نامہ نگار) مسلم لیگ (ن) کے ضلعی جنرل سیکرٹری وایم پی اے سردار خالد محمود وارن نے کہا ہے کہ تحریک انصاف کی حکومت کے خاتمہ سے ملک میں خوشحالی کا ایک نیا دور شروع ہوگا انہوں نے کہا گزشتہ ساڑھے تین سال میں

بقیہ نمبر 22 صفحہ 4 پر ملاحظہ کریں

عمران خان نے قوم کو کسی کے آگے نہ جھکنے کا شعور دیا، گورنر پنجاب

لاہور (یواین پی) گورنر پنجاب عمر سرفراز

بقیہ نمبر 24 صفحہ 4 پر ملاحظہ کریں

لاہور سے بنی گالا تک مال گاڑی جو چلتی تھی اس کا حساب ضرور ہوگا

مسلم لیگ (ن) کی نائب صدر مریم نواز

اسلام آباد (مانیٹرنگ ڈیسک) مسلم لیگ (ن) کی نائب صدر مریم نواز کا کہنا ہے کہ لاہور سے بنی گالا تک مال گاڑی جو چلتی تھی اس کا حساب ضرور ہوگا۔ قومی اسمبلی آمد کے موقع پر میڈیا سے غیر رسمی بات کرتے ہوئے مسلم لیگ (ن) کی نائب صدر مریم نواز کا کہنا تھا کہ اللہ نے 22 کروڑ عوام کی جان نااہل حکومت سے چھڑائی ہے، ابھی شہباز شریف وزیراعظم نہیں بنے لیکن اسٹاک مارکیٹ اوپر جارہی ہے، روپے کی قدر مستحکم ہورہی ہے۔ نائب صدر مسلم لیگ (ن) کا کہنا تھا کہ ہم انتقام نہیں لیں گے لیکن احتساب

بقیہ نمبر 23 صفحہ 4 پر ملاحظہ کریں

ایفا سکول سسٹم

پنجاب گروپ آف کالجز کا تعلیمی منصوبہ

نرسری تا نہم

پرنسپل: محمد سلیمان فاروقی

نزد پنجاب کالج قینچی موڑ احمد پور

اب نئی انتظامیہ کے ساتھ

نرسری تا پنجم

دی ایجوکیٹرز

بیکن ہاؤس سسٹم کا پراجیکٹ

عثمان کیمپس

نزد مسجد العزیز حمزہ ٹاؤن احمد پور شرقیہ

پنجاب ایجوکیشن فاؤنڈیشن و بہاولپور بورڈ سے الحاق شدہ

پبلک ہائیر سیکنڈری

بوائز اینڈ گرلز

احمد پور سکول

نرسری تا میٹرک

6 کنال رقبہ پر مشتمل سکول کیمپس

پرنسپل: محمد سلیمان فاروقی

بی ایڈ، ایل ایل بی، ایم اے 0300-8688787

القادریہ پبلک سکول (رجسٹرڈ)

(PEF-EVS) پنجاب ایجوکیشن فاؤنڈیشن

احمد پور شرقیہ کا قدیم سکول 1995ء سے قائم شدہ

Ph.0300-8155716

تحصیل کا پہلا واؤچر سکول جس میں داخلے پر (آپ کے بچے کی مکمل تعلیمی فیس گورنمنٹ ادا کریگی)

(PEF) اپنی واؤچر سکیم کے تحت نرسری سے ایف۔اے تک مفت تعلیم، مفت کتابوں کی سہولیات فراہم کرتا ہے

- خوبصورت بلڈنگ
- صاف ستھرا ماحول
- ہر بچے پر خصوصی توجہ
- بچوں کے جھولے
- دینی تعلیم، قرآن مجید، تفسیر، حدیث کی تعلیم
- لائبریری
- کمپیوٹر لیب

مفت تعلیم	مفت کتابیں	اعلیٰ تعلیم یافتہ اساتذہ

القادریہ پبلک سکول نزد حکیم حسنین کلینک ریلوے روڈ احمد پور شرقیہ

حکیم محمد حسنین چوہان

ماہر امراض معدہ

ماہر امراض مخصوصہ

احمد پور شرقیہ کے سینئر کوالیفائیڈ حکیم

فارغ التحصیل گورنمنٹ کالج بہاولپور

فارغ التحصیل انٹرنیشنل اسلامک یونیورسٹی اسلام آباد

ماہر نباض، نبض دکھائیں، مرض حکیم صاحب خود بتاتے ہیں

امراض معدہ، معدہ آنتوں میں زخم، السر، ورم، معدہ آنتوں کی سوزش، قبض، پیچس، جوڑوں کا درد، شوگر کا یقینی خاتمہ، گردے مثانے کی پتھری بذریعہ دوائی اخراج، سستی، نامردی، جریان، احتلام، بانجھ پن، اولاد کا یقینی ہونا، الرجی، دمہ، ٹائیفائیڈ بخار اور ہر قسم کے مرض کے علاج کیلئے تشریف لائیں

ایڈریس: حسنین کلینک ریلوے روڈ احمد پور شرقیہ 0300-8155716

پنجاب کالج احمد پور شرقیہ

F.SC	F.A	I.C.S	I.COM

(PEF-EVS) پنجاب ایجوکیشن فاؤنڈیشن

قینچی موڑ ڈیرہ نواب روڈ احمد پور شرقیہ

آپ کے معیار کے مطابق ہر قسم کی بہترین ورائٹی

نیو نشاط

ایک دام

کلاتھ ہاؤس

ڈیلر، گل احمد، الکرم، ڈینسٹی، فردوس کی تمام ورائٹی دستیاب ہے۔

تحصیل بازار احمد پور شرقیہ

پروجیکٹ آف میاں خالد اینڈ سنز

میاں محمد عمر

0331-7567242

ہر موسم کی تمام معیاری کمپنیوں کی گارمنٹس ورائٹی

بابا، بے بی، لیڈیز اینڈ جینٹس،

آپ کے ذوق کے عین مطابق دستیاب ہے

نشاط آؤٹ فٹ

ڈیلر، آکسفورڈ، بونیزہ

ایک دام

جنگو پلازہ

ڈیرہ نواب روڈ احمد پور شرقیہ

پراجیکٹ آف میاں خالد اینڈ سنز

میاں حمزہ خالد

0300-4655291

ورائٹی اور معیار ہماری پہچان

نشاط فیبرکس

ایک دام

ڈیلر، گل احمد، الکرم، ڈینسٹی، فردوس کی تمام ورائٹی دستیاب ہے۔

بالمقابل رسول پلازہ ڈیرہ نواب روڈ احمد پور شرقیہ

پروجیکٹ آف میاں خالد اینڈ سنز

حافظ محمد بلال

0332-6263802

منفرد اور زندہ تحریروں کا شاہکار

روزنامہ

نوائے احمد پور شرقیہ

بہاول پور

تازہ ترین خبروں اور بے لاگ تبصروں کے ساتھ ہر روز آپ کی خدمت میں مقامی، ملکی اور بین الاقوامی مسائل پر جاندار تبصروں ہلکے پھلکے طنز و مزاح، باتصویر، فیچروں منہ بولتے واقعات چیختی چلاتی کہانیوں، منظومات، غزلیات، معیاری مضامین

اور چونکا دینے والا نت نئے انکشافات کیلئے

ہر شمارہ ..... دلچسپ شمار

نوائے احمد پور شرقیہ پڑھیے

نوائے احمد پور شرقیہ آپ کا اپنا اخبار ہے، پرچہ اپنے ہاکر سے طلب کیجئے

دفتر:

روزنامہ نوائے احمد پور شرقیہ، 246C سیٹلائٹ ٹاؤن بلاک Z احمد پور شرقیہ

0301-7740405

ریجنل پولیس آفیسر شیر اکبر ضلع بہاول پور، بہاول نگر اور رحیم یار خان میں اچھی کارکردگی دکھانے والے پولیس آفیسرز کو تعریفی اسناد اور کیش انعامات دے رہے ہیں۔

بہاول پور: ڈپٹی کمشنر عرفان علی کاٹھیا تحصیل یزمان میں قائم رمضان بازار کا اچانک معائنہ کررہے ہیں، اسسٹنٹ کمشنر یزمان مجاہد عباس ہمراہ ہیں۔

بہاول پور: ڈیپارٹمنٹ آف لیڈرشپ اینڈ مینجمنٹ سائنسز انسٹیٹیوٹ آف بزنس اینڈ ایڈمنسٹریٹو سائنسز اسلامیہ یونیورسٹی بہاول پور کے زیر اہتمام پہلی بین الاقوامی کانفرنس برائے بزنس اینڈ مینجمنٹ ریسرچ کے موضوع پر ہونیوالی کانفرنس سے وائس چانسلر انجینئر پروفیسر ڈاکٹر اطہر محبوب اور دیگر خطاب کررہے ہیں۔

بہاول پور: کمشنر بہاول پور ڈویژن کیپٹن (ر) محمد ظفر اقبال رمضان پیکیج کے تحت مستحق افراد میں راشن بیگز تقسیم کررہے ہیں، ڈپٹی کمشنر عرفان علی کاٹھیا ہمراہ ہیں۔

بقیہ نمبر 01

ڈاکٹر عارف علوی مختصر رخصت پر چلے گئے ہیں جس کے سبب وہ نئے وزیراعظم شہباز شریف سے حلف نہیں لے سکے۔ایوان صدر میں منعقد تقریب میں شعبہ ہائے زندگی سے تعلق رکھنے والی شخصیات نے شرکت کی۔حلف برداری کی تقریب کا آغاز قومی ترانے کے بعد تلاوت قرآن پاک سے ہوا۔شہباز شریف پاکستان کے 23ویں وزیراعظم منتخب اپوزیشن کے نامزد امیدوار شہباز شریف بلا مقابلہ پاکستان کے 23ویں وزیراعظم منتخب ہوگئے جبکہ تحریک انصاف کے ارکان انتخابی عمل کا بائیکاٹ کرتے ہوئے ایوان سے باہر چلے گئے۔ایکسپریس نیوز کے مطابق قومی اسمبلی کا اہم ترین اجلاس قائم مقام اسپیکر قاسم سوری کی زیر صدارت شروع ہوا۔اپوزیشن کے نامزد امیدوار شہباز شریف سمیت اپوزیشن کے تمام ارکان اسمبلی ایوان میں موجود ہیں۔پی ٹی آئی کے منحرف ارکان ایوان میں موجود نہیں تاہم پی ٹی آئی کے ارکان اور نامزد امیدوار شاہ محمود قریشی نے اجلاس میں شرکت کی۔پی ٹی آئی اراکین کے ایوان میں آتے ہی شور شرابہ شروع ہوگیا۔مسلم لیگ)ن (کی خواتین نے نوازشریف کی تصویر ایوان میں لہرادی جس پر پی ٹی آئی ارکان نے گلی گلی میں شور ہے، نواز شریف چور ہے کے نعرے لگائے جس پر مسلم لیگی ارکان نے وزیراعظم شہباز شریف کے جوابی نعرے لگائے۔اجلاس کے آغاز پر قائم مقام اسپیکر قومی اسمبلی قاسم سوری نے ایوان سے خطاب کیا اور کہا کہ عمران خان کے خلاف تحریک عدم اعتماد پر جو فیصلہ میں نے کیا تھا وہ حالات اور واقعات کے عین مطابق تھا، وہ فیصلہ پاکستانی کی حیثیت سے کیا، میں نے قومی اسمبلی کے محافظ کے طور پر اسپیکر کے طور پر کیا۔انہوں نے کہا کہ وفاقی کابینہ، قومی سلامتی کمیٹی کے اجلاس میں وہ غیر ملکی مراسلہ دکھایا جاچکا ہے اور اس بات کی تائید کی گئی کہ پاکستان کے وزیراعظم کے خلاف جو معاملات ہوئے وہ غیر ملکی سازش ہے، وفاقی کابینہ کے اجلاس میں فیصلہ کیا گیا کہ یہ مراسلہ ڈی کلاسیفائیڈ کیا جائے۔اس موقع پر ڈپٹی اسپیکر نے مراسلہ ایوان میں لہرا دیا اور کہا کہ اس مراسلے میں برملا پاکستان کو دھمکی دی گئی ہے، یہ مراسلہ پاکستان میں عدم اعتماد کی تحریک آنے سے قبل دیا گیا جس میں کہا گیا کہ اگر تحریک کامیاب نہ ہوئی تو پاکستان کو سنگین حالات سے گزرنا پڑے گا، عمران خان کا یہ قصور تھا کہ انہوں نے پاکستان کے لیے آواز بلند کی، کیا یہ ملک غلامی کے لیے بنا؟ آج میں پورے پاکستان کے عوام سے پوچھتا ہوں؟ انہوں نے مراسلہ اسمبلی کی جانب سے سپریم کورٹ کے چیف جسٹس کو ارسال کرنے کا اعلان کردیا اور کہا کہ میں نے عدالت عظمیٰ کا جو بھی فیصلہ ہے اسے من وعن تسلیم کیا تاہم سب سے کہتا ہوں کہ خدارا اس پر سوچیں، کوشش ہے کہ ایوان کو قانون کے مطابق چلاں۔اسپیکر نے سب سے پہلے شاہ محمود قریشی کو بات کرنے کی اجازت دی۔تحریک انصاف کی جانب سے وزیراعظم کے لیے نامزد امیدوار شاہ محمود قریشی نے کہا کہ آج کوئی جیت کر بھی ہار جائے گا اور آج کوئی ہار کر بھی جیت جائے گا، آج قوم کو دو میں سے ایک راستہ چننا ہے ایک خودی کا دوسرا غلامی کا، میں اپنے تمام ممبران کا شکر گزار ہوں جو جھکے نہیں بکے نہیں۔انہوں نے کہا کہ جے یو آئی ایک سیاسی جماعت ہے، اسی ایوان میں بیٹھی ایک جماعت نے مفتی محمود کو یہاں سے نکالا، یہاں اے این پی بیٹھی ہے یہیں ایک جماعت نے ان کے خلاف مقدمات بنائے، آج پیپلز پارٹی یہاں بیٹھی ہے اس کے ساتھ وہ ہے جنہوں نے محترمہ کی بے توقیری کی، آج قاتل ومقتول یہاں اکٹھے بیٹھے ہیں۔انہوں نے کہا کہ آج اختر مینگل یہاں بیٹھے ہیں مگر ان کے ساتھ بیٹھے ہیں جن کے جلیل القدر والد عطا مینگل سے جیل کی چکیاں پسوائی گئیں، آج ایم کیو ایم بھی بیٹھی ہے جو تین سال آٹھ ماہ حزب اختلاف کا کردار سندھ میں ادا کرتی رہی۔انہوں نے کہا کہ آج شہباز شریف کو وزیراعظم کے لیے پیش کیا جارہا ہے کون نہیں جانتا کہ انہیں مسلط کیا جارہا ہے، اپوزیشن کا اتحاد غیر فطری ہے، جوڑ توڑ کرکے عارضی حکومت مسلط کی جارہی ہے، آج گیارہ اپریل ہے جسے وزیراعظم بننا ہے آج اس کی پیشی تھی اس پر اربوں روپے کی کرپشن کے الزامات ہیں، شہباز چاہتے ہیں کہ وزیراعظم بن کر کرپشن کے کیسز ختم کردیں۔شاہ محمود قریشی نے کہا کہ بازگشت ہے کہ بلاول کو وزیر خارجہ بنایا جائے گا، بلاول نے شہباز کی دی گئی وزارت قبول کی تو یہ بھٹو کے نواسے کو بجتی نہیں، یہ پاکستان کی عجیب جمہوریت ہے جس میں باپ وزیراعظم اور بیٹا وزیر اعلی بن رہا ہے۔اس موقع پر قائم مقام اسپیکر سمیت پی ٹی آئی کے تمام ارکان اسمبلی نے وزارت عظمی کے الیکشن کا بائیکاٹ کرتے ہوئے اسمبلی کی نشستوں سے مستعفی ہونے کا اعلان کردیا۔اس بات کا اعلان شاہ محمود قریشی نے اپنی تقریر کے اختتام پر کیا جس کے بعد تحریک انصاف کے ارکان ایوان سے جانا شروع ہوگئے۔قاسم سوری نے اسپیکر شپ سنبھالنے سے معذرت کرتے ہوئے صدارت ایاز صادق کو سونپ دی اور انہوں نے بطور پینل آف چیئر قائم مقام اسپیکر کی کرسی سنبھال کر ایوان کو چلانا شروع کردیا۔ایاز صادق نے نئے قائد ایوان کے انتخاب کے لیے امیدواروں کا اعلان کرتے ہوئے غلطی سے نوازشریف کا نام لے لیا اور کہا کہ نوازشریف دل اور دماغ میں بستے ہیں، اس لیے ان کا نام زبان پر آ گیا۔بعدازاں انہوں نے وزیراعظم کے انتخاب کا عمل شروع کیا اور ووٹنگ کرائی جس میں شہباز شریف بلا مقابلہ 174ووٹ لے کر پاکستان کے 23ویں وزیراعظم منتخب ہوگئے۔قائم مقام اسپیکر ایاز صادق نے شہباز شریف کے باضابطہ طور پر وزیراعظم پاکستان منتخب ہونے کا اعلان کیا جس کے بعد ایوان میں نعرے بازی شروع ہوگئی، ارکان اپنی نشستوں سے اٹھ اٹھ کر شہباز شریف کو مبارک باد دینے لگے۔بطور وزیراعظم پاکستان ایوان میں اپنی پہلی تقریر میں وزیراعظم پاکستان شہباز شریف نے کہا کہ سابقہ حکومت گرانے کے لیے جس غیر ملکی خط کا کہا جارہا ہے اگر اس خط میں بیرونی سازش ثابت ہوگئی تو میں مستعفی ہوکر گھر چلا جاں گا۔شہباز شریف کے خطاب کے بعد بلاول بھٹو زراری کو خطاب کرنا تھا۔ایاز صادق کی جانب سے خطاب کے لیے ان کا نام بھی پکارا گیا تاہم اسی دوران ڈپٹی اسپیکر قاسم سوری دوبارہ ایوان میں آگئے انہوں نے اجلاس کی صدارت سنبھال کر یک دم اجلاس ہفتہ 16اپریل 4بجے تک ملتوی کردیا۔پیپلز پارٹی نے قاسم سوری پر تنقید کرتے ہوئے اسے غیر جمہوری اور غیر پارلیمانی اقدام قرار دیا ہے۔

بقیہ نمبر 02

من تک رہ گئی ہے۔جس کی وجہ سے اس پنجاب حکومت کی جانب سے35، لاکھ ٹن گندم خریدنے کا صوبے میں چھوٹا ٹارگٹ مقرر کیا گیا ہے۔اس کے پورا نہ ہونے کا خدشہ ہے تاہم محکمہ خوراک کے ذرائع کے مطابق گندم کی خرید کا ٹارگٹ ہر حالت میں پورا کیا جائے گا اس کے لئے چوکیاں بھی قائم کی گئی ہیں تا کہ گندم صوبے سے باہر سمگل نہ ہوسکے۔جبکہ فوڈ سینٹرز پر گندم فروخت کرنے والے کاشتکاروں کو بھی بھرپور سہولیات دی جارہی ہیں۔

بقیہ نمبر 03

کھڑے ہیں اور کھڑے رہیں گے۔پی ٹی آئی ارکان اسمبلی کی استعفوں کے آپشن پر منقسم رائے سامنے آئی۔اکثریتی ارکان نے اسمبلیوں سے مستعفی نہ ہونے کا مشورہ دیتے ہوئے کہا کہ استعفے دینے کی بجائے پارلیمنٹ میں جمہوری لڑائی لڑی جائے۔ذرائع کے مطابق فواد چوہدری، حماد اظہر، شیخ رشید، علی اعوان مستعفی ہونے کے حق میں ہیں۔شاہ محمود قریشی، فیصل جاوید، فخر امام سمیت اکثریتی ارکان مستعفی نہ ہونے کے حق میں ہیں۔بحث کے بعد پارٹی نے اسمبلیوں سے مستعفی ہونے کا اختیار عمران خان کو دے دیا۔انہوں نے کہا کہ عمران خان جب حکم کریں گے استعفے جمع کرادیں گے۔مشاورت کے بعد عمران خان نے کہا کہ میرا یہی فیصلہ ہے کہ ہم اسمبلی سے استعفے دیں گے، میں ان چوروں کے ساتھ اسمبلی میں نہیں بیٹھوں گا، مجھے اکیلے بھی استعفی دینا پڑا تو میں استعفی دوں گا۔عمران خان نے میڈیا سے گفتگو کرتے ہوئے کہا کہ شہباز شریف پر 16ارب اور 8 ارب روپے کے کرپشن کیسز ہیں، اسے جو بھی وزیراعظم سلیکٹ اور الیکٹ کرتا ہے اس سے بڑی ملک کی توہین نہیں ہوسکتی، ہم قومی اسمبلی سے استعفے دے رہے ہیں۔اس فیصلے کے بعد شاہ محمود قریشی، قائم مقام اسپیکر قاسم سوری، فرخ حبیب، شفقت محمود، مراد سعید، عالیہ حمزہ، ایم این اے شاہد خان نے اپنے اپنے استعفے دے دیے۔پی ٹی آئی ارکان نے استعفے ایڈیشنل سیکریٹری جنرل عامر کیانی کے پاس جمع کروادیے۔اب تک 125ارکان کے استعفے آچکے ہیں۔قبل ازیں عمران خان پارلیمنٹ ہاس پہنچے تو صحافی نے سوال کیا کہ کل کے عوامی احتجاج پر کیا کہتے ہیں؟ عمران خان نے جواب دیا کہ عزت دینے والا اللہ ہے۔گزشتہ روز وزیراعظم کے عہدے سے ہٹانے پر پی ٹی آئی چیئرمین کی کال پر پاکستان تحریک انصاف کے کارکنان اور حامیوں نے ملک گیر احتجاج کیا، جس میں مظاہرین نے اپوزیشن اور امریکا کے خلاف شدید نعرے بازی کی جبکہ اپنے قائد سے یکجہتی کا اظہار کیا۔

بقیہ نمبر 04

ہوگئے۔ بہاول پور پیپلز پارٹی کے عہدیداروں نے رانا محمد سلیم کو ڈویژنل ڈپٹی انفارمیشن سیکرٹری نامزد ہونے پر مبارک باد دی اور کہا کہ رانا محمد سلیم پاکستان پیپلز پارٹی کے پرانے اور جیالے کارکن ہیں۔وہ ہمیشہ شہید ذوالفقار علی بھٹو کے دیئے ہوئے فلسفے پر چل کر پارٹی کی خدمت کررہے ہیں۔ مبارک باددینے کا سلسلہ جاری ہے ممبر پنجاب کونسل حسین احمد مدنی، انفارمیشن سیکرٹری جنوبی پنجاب محمد علی احسن، جنوبی پنجاب ڈپٹی انفارمیشن سیکرٹری سلیم ختر بھٹی، ڈویژنل صدر جاوید اکبر ڈھلوں، مخدوم سید علی حسن گیلانی، جنرل سیکرٹری ڈویژنل بہاول پور، شاہ محمد شاہ، ڈویژنل انفارمیشن سیکرٹری بہاول پور ضلعی صدر پی پی شاہ رخ ملک، جنرل سیکرٹری ارشاد احمد سرویا، انفارمیشن سیکرٹری فاروق مغل، نائب صدر بشیر احمد جوئیہ، نائب صدر قاضی وامق، نائب صدر محمد اسلم چنڑ، ضلعی صدر انسانی حقوق کلیم اللہ ایڈووکیٹ، ڈپٹی انفارمیشن سیکرٹری حنان ملک، تحصیل صدر جام یعقوب جھلن، تحصیل صدر رانا محرم افضل، تحصیل رانا محمد فاروق، تحصیل صدر معظم کمال، سٹی صدر بہاول پور امتیاز چنڑ، جنرل سیکرٹری ندیم تھیم، انفارمیشن سیکرٹری محمد آصف بھارہ ایڈووکیٹ، ڈپٹی انفارمیشن سیکرٹری شاہ خضر، جاوید رضا، شعبہ خواتین ڈویژنل صدر سائرہ عباسی، ضلعی صدر مسرت وہاب، تحصیل صدر امیر بی بی، رہنما پیپلز پارٹی رخسانہ بی بی تحصیل صدر، ام البنین تحصیل جنرل سیکرٹری الفت شاھین، ندا ممتاز، نے مبارک دی اور کہا کہ رانا محمد سلیم پاکستان پیپلز پارٹی کے جیالے کارکن ہیں۔ وہ ہمیشہ پاکستان پیپلز پارٹی کے لئے بہتر کام سرانجام دیتے ہیں۔اسی وجہ سے ان کی کاوشوں کو مدنظر رکھتے ہوئے ان کو ڈویژنل انفارمیشن سیکرٹری بنادیا گیا ہے۔

بقیہ نمبر 05

ملازمین کی جن کی تنخواہیں ایک لاکھ تک ہیں ان کی تنخواہوں میں دس فیصد تک اضافے کریں۔

بقیہ نمبر 06

کی درخواست بھی خارج کردی جبکہ عمران خان اور سابق وزرا کے نام ای سی ایل میں ڈالنے کی درخواست بھی مسترد کردی۔فیصلے میں کہا گیا ہے کہ درخواست میں منتخب سابق وزیراعظم پر فرسودہ الزامات لگائے گئے۔ہر شہری کی ذمہ داری ہے کہ نیشنل سکیورٹی کو نہ سیاسی بنایا جائے نہ سنسنی خیز۔سفارتکاروں اوران کی کلاسیفائیڈ رپورٹس کو سیاسی تنازعوں میں گھسیٹنا قومی مفاد کو کمزور کرسکتا ہے۔اسلام آباد ہائیکورٹ نے عمران خان اور دیگر کیخلاف غداری کا مقدمہ درج کرنے کی درخواست کے قابل سماعت ہونے پر فیصلہ محفوظ کیا تھا۔عمران خان اور دیگر کے خلاف غداری کا مقدمہ درج کرنے اور نام ای سی ایل میں ڈالنے کی درخواست کی سماعت اسلام آباد ہائیکورٹ کے چیف جسٹس اطہر من اللہ نے کی۔درخواست میں عمران خان و دیگر کے خلاف سنگین غداری کا مقدمہ ٹرائل کورٹ بھجوانے کی بھی استدعا کی گئی تھی۔درخواست میں فواد چودھری، شاہ محمود قریشی، قاسم سوری اور اسد مجید کا نام ای سی ایل میں شامل کرنے کی درخواست بھی کی گئی تھی۔چیف جسٹس اسلام آباد ہائیکورٹ اطہر من اللہ نے دوران سماعت درخواست گزار مولوی اقبال حیدر سے استفسار کیا کہ ریاست مضبوط ہے وہ خود دیکھ لے گی آپ اس معاملے کو کیوں سیاست زدہ کرنا چاہتے ہیں۔چیف جسٹس نے منتخب وزیراعظم عمران خان کا موازنہ جنرل مشرف سے کرنے سے روکتے ہوئے کہا کہ عمران خان ایک منتخب وزیر اعظم تھے ان کا موازنہ جنرل مشرف کے ساتھ نا کریں۔درخواست گزار نے موقف اختیار کیا کہ 27مارچ کو عمران خان نے خط کے ذریعے دھمکی ملنے کا دعوی کیا۔اگر 7مارچ کو خط ملا تو اس کی تحقیقات کراتے۔اس موقع پر چیف جسٹس اطہر من اللہ نے کہا کہ خط نہیں کیبل تھی۔درخواست گزار کا مزید کہنا تھا کہ سابق وزیراعظم کیخلاف تحریک عدم اعتماد پیش ہوئی تو وہ خاموش رہے۔امریکا اور خارجہ تعلقات کا معاملہ ہے اس لئے اسے دیکھا جانا ضروری ہے۔عدالت نے درخواست قابل سماعت ہونے پر فیصلہ محفوظ کرلیا۔

بقیہ نمبر 07

ساتھ مخلص نہیں اللہ اسے ذلیل کرئے لگتا ہے اب دعا قبول ہوگئی ہے اور عمران خان اپنے انجام کو پہنچ گئے ہیں۔پوری قوم صرف اور صرف 1973 کے آئین پر من وعن عملدرآمد چاہتی ہے، آئین کی حفاظت اور اس پر عملدرآمد کے لیئے قوم نے طویل جدوجہد اور قربانیاں دی، آج ایک بار پھر قوم تاریخی لمحات سے گزر رہی ہے، آج آئین دشمن وعوام دشمن حکومت سے نجات کا دن ہے۔انہوں نے کہا کہ مسلم لیگ ن نے ہمیشہ جمہوریت کیلئے اور ملکی سالمیت کیلئے اقدامات کئے ہیں اور میاں برادران نے عوام کے مسائل کے حل کیلئے بھرپور اقدامات کئے۔

بقیہ نمبر 08

تیار فصل تقریبا گیارہ بیگھے گندم کو آگ نے لپیٹ میں لے لیا اور گندم جل کر راکھ ہوگئی۔

بقیہ نمبر 09

پہنچے تو اراکین نے ان کا زبردست استقبال کیا۔وزیراعظم کے انتخاب سے پہلے سابق وزیر اعظم عمران کان پارلیمانی پارٹی کے اجلاس میں شرکت کے لیے پہنچے تو اراکین نے کھڑے ہوکر چیئرمین تحریک انصاف کا استقبال کیا۔چیئرمین پی ٹی آئی عمران خان نے صحافی کے سوال کے جواب میں کہا عزت دینے والا اللہ ہے۔

بقیہ نمبر 10

اشیائے خوردونوش کے نرخ اور کوالٹی کا معائنہ کیا انہوں نے بتایا کہ رمضان بازاروں میں حکومت کی جانب سے اشیائے خوردونوش پر سبسڈی دی گئی ہے اور رمضان بازار میں چکن پر -/12روپے فی کلوگرام کے حساب سے سبسڈی اور انڈے کی فی درجن فروخت پر -/16روپے کے حساب سے سبسڈی دی جارہی ہے انہوں نے بتایا کہ ایگریکلچر فیئر پرائس شاپ میں 13آئیٹم جن میں سیب، کیلا، کھجور، امرود، لیموں، بھنڈی، کدو ٹماٹر، آلو، پیاز، لہسن، دال چنا اور بیسن کی فروخت پر سبسڈی دی گئی ہے تاکہ لوگوں کو ریلیف حاصل ہو۔انہوں نے ہدایت کی کہ اشیائے خوردونوش کے نرخ باقاعدگی سے نمایاں جگہ پر آویزاں کئے جائیں نیز رمضان بازاروں میں صفائی ستھرائی کے شاندار انتظامات کو یقینی بنایا جائے۔

بقیہ نمبر 11

گئے اور زخمیوں کو ابتدائی طبی امداد کے بعد علاج معالجہ کے لیے مقامی ہسپتال رورل ہیلتھ سینٹر اوچشریف منتقل کردیا جہاں پر محمد قاسم نامی شخص زخموں کی تاب نہ لاتے ہوئے جان کی بازی ہار گیا جبکہ باقی دو زخمیوں کو بھی تشویشناک حالت کے پیش نظر ضلعی ہسپتال بہاول پور ریفر کردیا گیا#

بقیہ نمبر 12

1122کی ٹیم موقع پر پہنچ گئی۔اور محمد اعجاز کو تحصیل ہیڈکوارٹر ہسپتال احمد پور شرقیہ پہنچا دیا ہے۔جہاں اسے طبی امداد دی جارہی ہے۔

بقیہ نمبر 13

کارکنوں نے شرکت کی ۔اور عمران خان کے حق میں نعرے لگائے مقررین نے کہا کہ انشا اللہ آئندہ الیکشن میں پی ٹی آئی دوتہائی اکثریت سے کامیاب ہوگی۔عمران خان اس ملک کے مقبول ترین لیڈر بن چکے ہیں۔

بقیہ نمبر 14

انصاف کے کارکنوں کی کثیر تعداد نے ریلی میں شرکت کی ہے کارکنوں کی جانب سے نعرے بھی لگائے گئے جبکہ دلچسپ امر یہ ہے کہ ریلی و جلسہ میں چوہدری طارق بشیر چیمہ گروپ کے رہنماؤں کی موجودگی میں طارق بشیر چیمہ کے خلاف زبردست نعرے بازی کی گی اوران کے خلاف ریلی میں پوسٹر بھی لہرائے گئے جب چوہدری طارق بشیر چیمہ کے خلاف ریلی میں نعرے بازی کی جاتی تھی تو چیمہ گروپ حاصل پور کے رہنما ایک دوسرے کی طرف دیکھ کر قہقے لگاتے رہے

بقیہ نمبر 15

میں زرتاج گل نے کہا کہ عمران خان اگر استعفے کا کہتے ہیں تو استعفی دیں گے اور عمران خان اگر جان دینے کا کہتے ہیں تو جان دیں گے۔انہوں نے کہا کہ ڈیرہ اسماعیل خان سے یہاں پہنچی ہوں جہاں کے عوام نے امپورٹڈ حکومت کو مسترد کردیا ہے۔دوسری جانب سابق وزیراعظم عمران خان پارلیمنٹ ہاؤس پہنچے جہاں ان کی آمد پر صحافی نے ان سے سوال کیا کہ کل کے پاور شو پر کیا کہیں گے؟ اس پر سابق وزیراعظم نے کہا کہ مجھے کچھ کہنے کی ضرورت نہیں،عزت دینے والا اللہ ہے۔

بقیہ نمبر 16

تشویش، اصلاح احوال کا مطالبہ۔ تفصیلات کے مطابق واپڈا اوچ شریف کی غفلت اور لاپروائی کی وجہ سے شہر بھر میں بجلی کی ننگی لٹکتی تاریں شہریوں کے لیے وبال جان بن گئی ہیں جبکہ کءعلاقوں میں تاروں کے جال بکھرے پڑے ہیں میپکو اوچ شریف نے ایک ہی دیوار پر کءبجلی کے میٹر نصب کر رکھے ہیں ان میں سے زیادہ تر بجلی کی تاریں بغیر بجلی کے پول نہ لگنے کیوجہ سے زمین پر گری پڑی ہیں جس کیوجہ سے شہریوں کا وہاں سے پیدل گزرنا بھی محال ہو چکا ہے گزشتہ روز بھی سمیع ٹاؤن کا رہائشی حسین علی گھر سے سودا سلف لینے جارہا تھا کہ اچانک اس کے گلے میں بجلی کی لٹکتی تاریں پھنس گئیں جس سے حسین علی شدید زخمی ہوگیا حالانکہ میپکو اوچ شریف کی غفلت کیوجہ سے شہر بھر میں متعدد قیمتی جانوں کا ضیاع ہو چکا ہے ایسے واقعات کی نشاندہی کے باوجود واپڈا حکام کے کانوں پر جوں تک نہیں رینگی ہے شہریوں کا کہنا ہے کہ ہر گلی اور محلہ میں تاروں کا جال دکھائی دیتا ہے جن میں اکثر بجلی کی تاریں ننگی ہوتی ہیں آندھی اور بارش کے وقت ان تاروں سے چنگاریوں کی وجہ سے کئی حادثات رونما ہو چکے ہیں واپڈا آفسران کو کءبار شکایت کی لیکن کوئی پوچھنے والا نہیں ہے شہریوں نے اعلی حکام سے فوری نوٹس لیتے ہوئے اصلاح احوال کا مطالبہ کیا ہے#

بقیہ نمبر 17

اونے پونے داموں میں نہ فروخت کریں اپنی گندم فوڈ سینٹر پر لائیں اور گورنمنٹ کے ریٹ پر رقم حاصل کریں، انہوں نے کہا کہ باردانہ کے حصول اور گندم کا بل بروقت دینے کے لئے عملہ سینٹر پر موجود ہے، فوڈ انسپکٹر نے کہا کہ گندم کا ایک ایک دانہ خرید کیا جائے گا اور مطلوبہ ہدف باآسانی پورا کرلیا جائے گا۔

بقیہ نمبر 18

اپوزیشن اور ناراض ارکان سمیت دیگر سے رابطے تیز کردیے ہیں جب کہ اپوزیشن جلد ووٹنگ کے لیے قانونی محاذ پر متحرک ہے۔ذرائع کا بتانا ہے کہ حکومتی اتحاد نے ووٹنگ سے متعلق حکمت عملی کو حتمی شکل دیدی۔

بقیہ نمبر 19

بیرونی وسائل سے مدد ملی تو ایک سیکنڈ میں وزارت عظمی سے استعفی دے کرگھر چلا جاں گا۔نومنتخب وزیراعظم شہباز شریف نے ایوان سے اپنے پہلے خطاب میں کہا کہ تمام ساتھیوں کی کاوشوں سے اللہ تعالی نے پاکستان کو بچالیا ہے، یہ تاریخ میں پہلا موقع ہے کہ پاکستان میں کسی وزیراعظم کے خلاف تحریک عدم اعتماد کامیاب ہوئی اور باطل کو شکست اور حق کی فتح ہوئی، آج کا دن پوری قوم کے لیے عظیم دن ہے کہ ایوان نے سلیکٹڈ اور جھرلو کی پیداوار وزیراعظم کو گھر کا راستہ دکھایا۔عوام کے لیے خوشی کی بات کی اور کیا مثال ہوگی کہ آج ڈالر کے مقابلے میں روپیہ 8روپے اونچا گیا، 190سے واپس 182پر واپس آ گیا ہے، کہا جاتا تھا کہ ڈالر ایک روپیہ اوپر جائے تو وزیراعظم کرپٹ ہوتا ہے، یہ 8روپے نیچے گیا ہے تو اب کیا کہا جائیگا، یہ عوام اور ایوان کے بھرپور اعتماد کا اظہار ہے۔شہباز شریف کا کہنا تھا کہ میں سپریم کورٹ کو مبارک باد پیش کرتا ہوں کہ انہوں نے آئین شکنی کو کالعدم قرار دیتے ہوئے نظریہ ضرورت کو دفن کردیا، کئی دنوں سے جھوٹ بولا جارہا تھا اور ڈراما کیا جارہا تھا کہ کوئی خط آیا ہے، مجھے ابھی تک خط نہیں دکھایا گیا نہ میں نے خط دیکھا، اس حوالے سے دودھ کا دودھ اور پانی کا پانی ہوجانا چاہیے۔ان کا کہنا تھا کہ عوام اور ایوان کے ارکان جاننا چاہتے ہیں کہ اس خط کی حقیقت کیا ہے، عدم اعتماد کے حوالے سے ہم کئی دن پہلے فیصلہ کرچکے تھے، اگر یہ جھوٹ ہے تو سب کے سامنے آنا چاہیے تا کہ یہ بحث ہمیشہ کے لیے ختم ہوجائے، میں بطور منتخب وزیراعظم کہتا ہوں کہ پارلیمنٹ کی قومی سلامتی کمیٹی میں خط پیش کیا جائے جس میں مسلح افواج کے سربراہان بھی موجود ہوں، جس میں ڈی جی آئی ایس آئی، سیکرٹری خارجہ اور وہ سفیر بھی ہوں، میں بلا خوف تردید کہتا ہوں کہ اگر اس حوالے سے رتی برابر ثبوت مل جائے کہ ہم کسی بیرونی سازش کا شکار ہوئے یا ہمیں کسی بیرونی وسائل سے مدد ملی تو میں ایک سیکنڈ میں وزارت عظمی سے استعفی دے کر گھر چلا جاں گا، میں پہلی فرصت میں اِن کیمرا سیشن کا انتظام کروا کر خط پر بریفنگ کرواتا ہوں۔نومنتخب وزیراعظم شہباز شریف کا کہنا تھا کہ میں نے گزشتہ حکومت کو میثاق معیشت کی پیشکش کی تھی، میری میثاق معیشت کی پیشکش کا دو مرتبہ حشر نشر کیا گیا، یہ زعم اور تکبر میں نہ ہوتے تو وہ پیشکش قبول کرتے، آج ملک آگے جارہا ہوتا، پاکستان رواں مالی سال سب سے بڑا بجٹ خسارہ کرنے جارہا ہے، کرنٹ اکانٹ خسارہ بھی تاریخ کا سب سے بڑا خسارہ ہونے جارہا ہے۔ان کا کہنا تھا کہ 60لاکھ لوگ بیروزگار اور 2 کروڑ سے زائد خط غربت سے نیچے جاچکے، انھوں نے کھربوں کے قرض لیے ایک اینٹ تک نہیں لگائی، فرنٹ مین کے ذریعے کسان کو کھاد منہگی دی گئی، پچھلے ماہ حکومت نے گندم اور کھاد کو اسمگل کروایا، پاکستان گندم اور چینی کا برآمد کنندہ تھا اور آج درآمد کنندہ بن گیا، میں یہاں کیا کیا بات کروں، فیکٹریوں کی چمنیاں بند ہوگئیں، آج ہم ترقی کے ایک نئے دور کا آغاز کررہے ہیں۔شہباز شریف نے قومی اسمبلی سے خطاب میں اعلان کیا کہ یکم اپریل سے کم سے کم ماہانہ اجرت 25ہزار روپے کررہے ہیں، صوبوں کے تعاون سے آئندہ چند روز میں ضروری قانونی کارروائی کریں گے، اس کا اطلاق اسی ماہ سے ہوگا۔سرمایہ کاروں سے درخواست ہے جن ملازمین کی تنخواہ ایک لاکھ روپے تک ہے وہ ان کی تنخواہوں میں 10فیصد تک اضافہ کریں، ہم آنے والے دنوں میں ملک کو سرمایہ کاروں کے لیے جنت بنادیں گے، پنشن بھی 10فیصد بڑھا رہے ہیں۔نومنتخب وزیراعظم شہباز شریف نے بےنظیر کارڈ دوبارہ لانے کا اعلان کرتے ہوئے کہا کہ بےنظیر کارڈ کو مزید وسعت دے رہے ہیں، تعلیم کو بھی اس سے منسلک کریں گے، رمضان پیکج کے حوالے سے ستا آٹا لے کر آئیں گے جس سے عوام کو ریلیف ملے گا، ہم نے سستی بجلی کے منصوبے بنائے لیکن ان لوگوں نے مہنگے منصوبے بنائے جس سے بجلی مہنگی ہوئی ہے اور کارخانوں اور ایکسپورٹر کو شدید نقصان پہنچایا ہم چاروں صوبوں کو ساتھ لے کر آگے بڑھیں گے، این ایف سی ایوارڈ 2010میں ہوا جو آج تک چل رہا ہے، ان کو توفیق نہیں ہوئی کہ این ایف سی ایوارڈ دیتے۔نومنتخب وزیراعظم کا کہنا تھا کہ یہ قوم ایک عظیم قوم بنے گی، قومیں وہی کھڑی ہوتی ہے جو 'چوزرز' ہوتی ہیں، بھکاری قومیں چوزرز نہیں ہوتیں، چین پاکستان کے دکھ سکھ کا ساتھی ہے، پاک چین دوستی کوئی ہم سے چھین نہیں سکتا، پاک چین دوستی لازوال ہے جو قیامت تک قائم رہے گی، سی پیک کو اسپیڈ سے چلائیں گے، آگے لے کر جائیں گے، پاکستان کے لاکھوں لوگ برطانیہ میں آباد ہیں، دوطرفہ تعلقات کو آگے بڑھنا ہے، برطانیہ نے چاروں صوبوں میں تعلیم کی فراہمی کے لیے فنڈز فراہم کیے، برابری کی سطح پر امریکا سے تعلقات استوار کرنا ہوں گے، مشکل گھڑی میں پاکستان کا ساتھ دینے پر سعودی عرب اور ترکی کے شکرگزار ہیں۔انہوں نے کہا کہ بھارت کے ساتھ اچھے تعلقات کے خواہاں ہیں مگر مسئلہ کشمیر کے حل تک امن قائم نہیں ہوسکتا، وزیراعظم مودی سمجھیں دونوں طرف غربت، بیروزگاری، بیماریاں ہیں، لوگوں کو دوائیاں نہیں ملتیں، کیوں ہم اس طرح اپنا اور آنے والی نسلوں کا نقصان کرنا چاہتے ہیں؟ بھارتی وزیراعظم آئیں، مسئلہ کشمیر کو کشمیریوں کی امنگوں کے مطابق حل کریں، پاکستان اور بھارت دونوں طرف غربت ختم کریں، ترقی اور خوشحالی لے کر آئیں، کشمیری بہن بھائیوں کے لیے ہر فورم پر آواز اٹھائیں گے۔

بقیہ نمبر 20

رہنماں نے خطاب کرتے ہوئے کہا ہے کہ پوری قوم امریکہ کی غلامی کے خلاف متحد ہوکر عمران خان کے ساتھ کھڑی ہے اب لوٹوں کی کوئی گنجائش نہیں عمران خان نے روز نکلنے کو کہا تو روز نکلیں گے۔آج چنی گوٹھ کے نوجوانوں نے ثابت کردیا ہے وہ عمران خان کے شاہین ہیں۔ریلی پورے چنی گوٹھ کا چکر لگانے کے بعد اوچشریف روانہ ہوگئی۔

بقیہ نمبر 21

اقبال خان، محبوب خان، خواجہ سہیل عباس، اسلم ہمشیرہ و دیگران کی قیادت میں گورنمنٹ بوائز ہائی اسکول سے شہر کے مرکزی چوک الشمس تک پرامن احتجاجی ریلی نکالی گئی جس میں اوچشریف شہر سمیت اس کے گردونواح کے علاقوں سے تعلق رکھنے والے سینکڑوں کی تعداد میں پی ٹی آئی کے کارکنان کا جم غفیر نکل آیا جنہوں نے عمران خان سے اظہار یکجہتی کے نعروں سے لکھے پلے کارڈ، بینر اور پینافلیکس اٹھار کھے تھے اور شدید نعرے بازی کررہے تھے عوام کے ٹھاٹیں مارتے سمندر کے شرکا میں شدید جوش وخروش دیدنی تھا جن کا امپورٹڈ حکومت نامنظور کا نعرہ بلند کرتے ہوئے کہنا تھا کہ محب وطن عمران خان ملک وقوم کو غلامی کی زنجیروں سے آزاد کرکے آزادی کی جانب لے جارہا تھا جو کرپٹ مافیا اور غداروں کو منظور نہیں تھا جنہوں نے ڈالرز کے عوض اپنے ملک کی خودمختاری کا سودا کرلیا لیکن ہم کرپٹ مافیا کے ٹولے سمیت بیرونی قوتوں کو بتانا چاہتے ہیں کہ اپنا اقتدار پاکستان کی خودمختاری کے لیے قربان کرنے والا مرد مومن عمران خان اکیلا نہیں ہے پاکستان کی 22 کروڑ عوام اس کے ساتھ کھڑی ہے جو بازی ہارا نہیں بلکہ جیت گیا ہے ریلی سے شہر کے چاروں اطراف کی سڑکیں بلاک ہوگئیں جن پر دور دور تک عوام کا ٹھاٹیں مارتا سمندر تھا یاد رہے کہ ریلی میں پی ٹی آئی کے پلیٹ فارم سے منتخب ہوکر صوبائی اسمبلی میں پہنچنے والے مقامی ایم پی اے مخدوم افتخار حسن گیلانی منظر سے غائب تھے جس سے ان کے بھتیجے پی ٹی آئی کی ٹکٹ پر منتخب ہوکر منحرف ہوکر اپوزیشن کے ساتھ ملنے والے مقامی ایم این اے مخدوم سمیع حسن گیلانی کی طرح مخدوم افتخار حسن گیلانی کی بھی تحریک انصاف کو چھوڑنے کی گردش کرتی خبروں کو تقویت مل رہی ہے جن کے ن لیگ میں شامل ہونے کی قیاس آرائیاں ہورہی ہیں جس کی وجہ سے تحریک انصاف کے اوچشریف کے پارٹی ورکروں میں مایوسی کے ساتھ ساتھ شدید غم وغصہ پایا جاتا ہے#

بقیہ نمبر 22

اس ملکی خزانے کو جس طرح لوٹا گیا۔ماضی میں اس کی مثال نہیں ملتی۔مسلم لیگ (ن) کے کارکنوں سے ملاقات میں انہوں نے کہا ملکی معیشت کی بہتری کے لئے شہباز شریف کی قیادت میں منتخب ہونے والی حکومت کو سخت محنت کرنا پڑے گی۔انہوں نے کہا مسلم لیگ)ن (نے ماضی میں بھی اپنی مربوط منصوبہ بندی سے ملک کی معیشت کو بہتر کیا ہے جس سے مہنگائی کو کم کرنے میں مدد ملی۔انہوں نے تمام سیاسی جماعتوں کو چاہیے کہ وہ سابقہ حکومت کی نااہلی سے بڑھنے والی مہنگائی سے نمٹنے کے لئے مل کر پالیسی ترتیب دیں۔انہوں نے کہا انشااللہ بہت جلد پنجاب میں بھی مسلم لیگ)ن (کی حکومت ہوگی۔

بقیہ نمبر 23

ہوگا، لاہور سے بنی گالا تک مال گاڑی جو چلتی تھی اس کا حساب ضرور ہوگا، یہ پرانی والی مسلم لیگ ن نہیں ہے۔

بقیہ نمبر 24

چیمہ نے کہا ہے کہ عمران خان نے قوم کو شعور دیا ہے کہ کسی کے آگے نہ جھکیں۔ایک بیان میں عمر سرفراز چیمہ نے کہا کہ خوددار پاکستان کا جو شعور عمران خان نے عوام کو دیا، اس کی مثال پاکستان کی تاریخ میں نہیں ملتی۔گورنر پنجاب نے خوددار پاکستان کے قیام کیلئے ریلیاں نکالنے پر قوم کو مبارکباد بھی دی۔خیال رہے کہ گزشتہ رات سابق وزیراعظم عمران خان کے اعلان پر ملک کے مختلف شہروں میں تحریک انصاف کے کارکنان احتجاج کے لیے سڑکوں پر نکل آئے تھے۔پی ٹی آئی کے کارکنوں نے کراچی، لاہور، ملتان، فیصل آباد، چلاس، کوہاٹ، چیچہ وطنی، جہانیاں، میانوالی، بہاولنگر، منڈی بہا الدین، سکھر، کندھ کوٹ، خیر پور اور تھر پارکر میں عمران خان کی اپیل پر احتجاج کیا تھا۔

بقیہ نمبر 25

نظر سپریم کورٹ اور اسلام آباد ہائی کورٹ رات گئے کھولی گئی تھیں۔اس حوالے سے ترجمان اسلام آباد ہائی کورٹ نے رات کو کھلنے کے معاملے پر اہم وضاحت جاری کرتے ہوئے کہا کہ صدر سپریم کورٹ بار ایسوسی ایشن نے 9اپریل کو پٹیشن دائر کرنے کے لیے رابطہ کیا۔ 2019کے دو نوٹیفکیشنز کے مطابق کسی وقت بھی پٹیشن فائل ہوسکتی ہے، دونوں نوٹیفکیشنز کے مطابق کسی بھی فوری نوعیت کے معاملے کو چیف جسٹس دیکھ سکتے ہیں۔ترجمان ہائی کورٹ کے بیان میں کہا گیا کہ نوٹیفکیشن کے مطابق پٹیشنز کو چیف جسٹس کے گھر بھجوایا گیا، چیف جسٹس اگر مطمئن ہوں کہ یہ فوری نوعیت کا معاملہ ہے تو وہ درخواست سن سکتے ہیں اور کسی بھی وقت درخواست سے متعلق کوئی بھی آرڈر جاری کر سکتے ہیں۔گیارہ نومبر 2019اور دس فروری 2021کے نوٹیفکیشن میں عدالتی وقت کے بعد درخواست دائر کرنے کا طریقہ کار موجود ہے، نو اپریل کو دائر ہونے والی پٹیشنز بھی اسی نوٹیفکیشن کے تناظر میں دائر ہوئیں تھیں۔

بقیہ نمبر 26

لہراتے ہوئے اسے سپریم کورٹ بھیجنے کا اعلان کردیا۔نئے وزیراعظم کے انتخاب کیلئے قائم مقام اسپیکر قومی اسمبلی قاسم سوری کی زیر صدارت قومی اسمبلی اجلاس شروع ہوا۔آغاز میں ہی قاسم سوری نے کہا کہ عمران خان کے خلاف تحریک عدم اعتماد پر جو فیصلہ میں نے کیا تھا وہ حالات اور واقعات کے عین مطابق تھا، وہ فیصلہ پاکستانی کی حیثیت سے اور قومی اسمبلی کے محافظ کے طور پر اسپیکر کے طور پر کیا۔انہوں نے کہا کہ وفاقی کابینہ، قومی سلامتی کمیٹی کے اجلاس میں وہ غیر ملکی مراسلہ دکھایا جاچکا ہے اور اس بات کی تائید کی گئی کہ پاکستان کے وزیراعظم کے خلاف جو معاملات ہوئے وہ غیر ملکی سازش ہے، وفاقی کابینہ کے اجلاس میں فیصلہ کیا گیا کہ یہ مراسلہ ڈی کلاسیفائیڈ کیا جائے۔اس موقع پر قائم مقام اسپیکر نے مراسلہ ایوان میں لہرادیا اور کہا کہ اس مراسلے میں برملا پاکستان کو دھمکی دی گئی ہے، یہ مراسلہ پاکستان میں عدم اعتماد کی تحریک آنے سے قبل دیا گیا جس میں کہا گیا کہ اگر تحریک کامیاب نہ ہوئی تو پاکستان کو سنگین حالات سے گزرنا پڑے گا، عمران خان کا یہ قصور تھا کہ انہوں نے پاکستان کے لیے آواز بلند کی، کیا یہ ملک غلامی کے لیے بنا؟ آج میں پورے پاکستان کے عوام سے پوچھتا ہوں؟ انہوں نے مراسلہ اسمبلی کی جانب سے سپریم کورٹ کے چیف جسٹس کو ارسال کرنے کا اعلان کردیا اور کہا کہ میں نے عدالت عظمی کا جو بھی فیصلہ ہے اسے من وعن تسلیم کیا تاہم سب سے کہتا ہوں کہ خدارا اس پر سوچیں، کوشش ہے کہ ایوان کو قانون کے مطابق چلاں۔

پبلشر
احسان احمد سحر
پرنٹر
نسیم اختر
مطبع
گردیزی پرنٹنگ پریس بہاولپور
مقام اشاعت
535-536 سرور شاہ سٹریٹ احمد پور شرقیہ

ضرورت سٹاف سیزنل ورک چارج (عارضی) آسامیاں

محکمہ انہار احمد پور کینال ڈویژن احمد پور شرقیہ کے لئے درج ذیل سیزنل ورک چارج (عارضی) کی بنیاد پر بھرتی کرنے کے لئے ڈویژن ہذا کی حدود کے رہائشی / ضلع بھاولپور کا امیدوار ملازمت کا اہل ہوگا۔امیدواروں سے سادہ کاغذ پر درخواست بنام ایگزیکٹو انجینئر احمد پور کینال ڈویژن احمد پور شرقیہ میں مطلوب ہیں۔تمام آسامیوں کی درخواستیں متعلقہ دفتر سب ڈویژنل آفس احمد پور کینال سب ڈویژن / کوٹلہ موسیٰ خان کینال سب ڈویژن دفتری اوقات میں مورخہ 18.04.2022 تک دستی وصول کی جائیں گی۔متعلقہ سب ڈویژنل آفیسران درخوستوں کے مطابق کمپوٹرائز ڈلسٹ تیار کر کے دفتر ڈویژنل آفس احمد پور کینال ڈویژن میں میں جمع کرائیں گے اور متعلقہ سب ڈویژنل آفیسران انٹرویوں / ٹیسٹ لینے کے بعد میرٹ لسٹ تیار کر کے اپنی Recommendations کے ساتھ برائے تعیناتی آرڈر جاری کرنے دفتر ڈویژنل آفس میں جمع کرائیں گے۔اس میرٹ لسٹ کے مطابق اتھارٹی تعیناتی آرڈر جاری کرے گی۔درج بالا آسامیوں کی تنخواہ منظور شدہ شیڈول آف ویج ریٹ گورنمنٹ آف پنجاب فنانس ڈیپارٹمنٹ کے مطابق ادا کی جائے گی۔

نمبر شمار	نام آسامیاں	عمر	نام کینال سب ڈویژن	قابلیت
1	گیج ریڈر	18 تا 25 سال	احمد پور کینال سب ڈویژن / کوٹلہ موسیٰ خان کینال سب ڈویژن 25 اپریل 2022 تا 15 اکتوبر 2022	گورنمنٹ کے منظور شدہ ادارے سے ایف اے 2nd ڈویژن میں پاس ہو۔اور گیج پڑھنا جانتا ہو۔
2	ریگولیشن بیلدار	22 تا 35 سال	احمد پور کینال سب ڈویژن / کوٹلہ موسیٰ خان کینال سب ڈویژن 25 اپریل 2022 تا 15 اکتوبر 2022	پڑھنا لکھنا جانتا ہو۔کسی کے کام، تیراکی اور تیز دوڑنے میں مہارت رکھتا ہو۔
3	بیلدار	22 تا 35 سال	احمد پور کینال سب ڈویژن / کوٹلہ موسیٰ خان کینال سب ڈویژن 25 اپریل 2022 تا 15 اکتوبر 2022	پڑھنا لکھنا جانتا ہو۔قد "4 -'5 اور چھاتی "33 ہو۔ تیراکی, تیز دوڑ اور کسی کے کام میں مہارت رکھتا ہو۔

1۔ درج بالا آسامیوں کی بھرتی حکومت پنجاب کی پالیسی ورک چارج (عارضی) کے مطابق میرٹ پر ہوگی۔تمام آسامیوں کی تعیناتی ضرورت کے مطابق ہوگی۔اور تنخواہ فکسڈ چارجز کی بنیاد پر ہوگی۔یہ آسامیاں قطعی طور پر گورنمنٹ کی منظور شدہ ریگولر نہ ہیں۔اور اس پوسٹ پر ریگولر کیے جانے کے لیے عدالتی Stay یا مقدمہ بازی کے ذریعہ کسی بھی عدالت سے رجوع کرنے کا حق نہ ہوگا۔
2۔ متذکرہ آسامیاں قطعی طور پر عارضی ہیں۔ان آسامیوں کو کسی بھی وقت بغیر نوٹس کے ختم کیا جاسکتا ہے۔اور اتھارٹی کا یہ فیصلہ ناقابل چیلنج ہوگا۔کسی بھی اہلکار کو ناقص کارکردگی، غیر حاضری کی وجہ سے نوکری سے برخاست کیے جانے پر امیدوار کو کسی بھی عدالت میں رجوع کرنے کا حق نہ ہوگا۔
3۔ ورک چارج امیدواران کو ہمراہ درخواست کسی گورنمنٹ محکمہ / پرائیویٹ محکمہ یا نیوز ایجنسی میں کام نہ کرنے کا بیان حلفی لف کرنا ضروری ہے۔
4۔ درخواست کے ہمراہ تجربہ کا سرٹیفکیٹ، شناختی کارڈ، تعلیمی سرٹیفکیٹ، 2 عدد پاسپورٹ سائز تصاویر اور ڈومیسائل کی نقول کسی گزیٹڈ آفیسر سے تصدیق کروا کر لف کرنا ضروری ہیں۔بصورت دیگر درخواست وصول نہیں کی جائے گی۔
5۔ آسامیوں کی تعداد میں بوقت ضرورت کمی وبیشی کی جاسکتی ہے۔
6۔ تمام آسامیوں کا انٹرویو / ٹیسٹ مورخہ 21.04.2022 بوقت 10 بجے متعلقہ دفتر سب ڈویژنل آفس احمد پور کینال سب ڈویژن / کوٹلہ موسیٰ خان کینال سب ڈویژن میں ہوگا۔متعلقہ سب ڈویژنل آفیسر انٹرویو / ٹیسٹ لینے کے بعد Recommendations کے ساتھ میرٹ لسٹ تیار کر کے برائے تعیناتی آڈر جاری کرنے کے لیے اتھارٹی کو دفتر ڈویژنل آفس احمد پور کینال ڈویژن میں بھجوائیں گے۔
7۔ امیدواران کا انٹرویو / ٹیسٹ اگر بوجہ دیگر ضروری کام اوپر دی گئی تاریخ کو منعقد نہیں ہوتا تو پھر مورخہ 22.04.2022 کو صبح 10:00 متعلقہ سب ڈویژنل آفس احمد پور کینال سب ڈویژن / کوٹلہ موسیٰ خان کینال سب ڈویژن میں ہوں گے۔
8۔ امیدواران کو اصل کاغذات بوقت انٹرویو / ٹیسٹ ہمراہ لانے ہونگے۔مقررہ تاریخ کے بعد موصول اور نامکمل درخواست پر غور نہ کیا جائے گا۔
9۔ تمام امیدواروں کی عمر میں گورنمنٹ پالیسی کے مطابق 5 سال کی رعایت ہوگی۔اس سے زیادہ عمر والی درخواستیں مسترد کردی جائیں گی۔
10۔ بغرض انٹرویو آنے والے امیدواروں کو کوئی سفری خرچ یا یومیہ الاونس نہیں دیا جائے گا۔

IPB - 310

المشتہر ایگزیکٹو انجینئر
احمد پور کینال ڈویژن احمد پور شرقیہ